# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

5

Date: 22 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کے معاملات کی رائے دہندگان راست شکایت درج کرواسکیں گے۔

☆ پارلیمانی انتخابات کیلئے بی جے پی امیدواروں کی تیسری اور کانگریس پارٹی کے 57 امیدواروں کی فہرست جاری؛ لاتور سے ڈاکٹر شیواجی کاڑگے اور ناندیڑ سے سابق رُکنِ اسمبلی وسنت راؤ چوہان کو اُمیدواری۔

☆ مبینہ شراب پالیسی گھوٹالے کے معاملے میں دہلی کے وزیرِ اعلیٰ اروند کجریوال گرفتار۔

☆ MPSC امتحانات کے نظام الاوقات میں تبدیلی؛ تصیح شدہ تاریخوں کا عنقریب اعلان۔

اور۔۔ ☆ احمد نگر میں سینئر زمرہ کے قومی کبڈی ٹورنامنٹ کا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

انتخابات کے دوران ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی ہونے پر رائے دہندگان انتخابی کمیشن سے راست شکایت کرسکیں گے۔ انتخابی کمیشن نے اس کیلئے ''سی وِجل سٹی زن اَیپ'' متعارف کروایا ہے۔ اس اَیپ پر موصول ہونے والی شکایتوں پر پہلے 100 منٹ میں پہلی کارروائی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے شہریوں کے موبائل فونس پر ترقی یافتہ بھارت اسکیمات سے متعلق پیغامات ارسال ہونے کو ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے مرکزی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے ان پیغامات کو بند کرنے کی ہدایت بھی مرکزی حکومت کو دی ہے۔ اس کے علاوہ انتخابی کمیشن نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو ریلوے اسٹیشنوں، طیران گاہوں جیسی سرکاری املاک پر سے غیر قانونی پوسٹر اور بینرس ہٹانے کا بھی حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمشنر کی تقرری سے متعلق نئے قانون پر روک لگانے سے عدالتِ عظمیٰ نے انکار کیا ہے۔ اس قانون کے مطابق گیانیش کمار اور سُکھبیر سنگھ سِندھو اِن دو انتخابی کمشنروں کی تقرری کے بعد اسے چیلنج کرنے والی عرضی داخل کی گئی تھی، جسے جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دَتا کی بینچ نے خارج کردیا۔ عدالت نے کہا کہ پارلیمانی انتخابات کے موقع پر اس قانون پر عمل آوری کو روکا نہیں جاسکتا۔

***** ***** *****

انتخابی بانڈز کے معاملے میں SBI نے سیریئل نمبر سمیت تمام معلومات الیکشن کمیشن کو دی ہے۔ اس سے متعلق بینک نے کل عدالتِ عظمیٰ میں ایک حلف نامہ داخل کیا۔ اسٹیٹ بینک کی دی گئی معلومات دو فائلوں میں انتخابی کمیشن نے ویب سائٹ پر جاری کی ہے۔ ایک فائل میں خریدنے[5] والے کا نام، تاریخ، بانڈ کا سیریئل نمبر ہے، جبکہ دوسری فائل میں سیاسی پارٹی کا نام، بانڈ کا سیریئل نمبر و تاریخ ہے۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی نے کل امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی ہے۔ تمل ناڈو کی پارلیمانی نشستوں سے متعلق یہ فہرست ہے، جس میں مرکزی وزیرِ مملکت برائے اطلاعات ونشریات ایل مُروگن کو نیل گریس سے امیدوار بنایا گیا ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے بھی ریاست کی سات نشستوں سمیت تقریباً 57 نشستوں کے امیدواروں کی فہرست جاری کی۔ لاتور سے ڈاکٹر شیواجی کاڑگے، ناندیڑ سے وسنت راؤ چوہان، نندوربار سے گووال پاڈوی، امراوتی سے بلونت وانکھیڑے، پونہ سے رویندر دھنگیکر، شولاپور پر نیتی شندے، جبکہ کولہاپور سے شاہو مہاراج چھترپتی کو امیدواری دی گئی ہے۔

لاتور پارلیمانی حلقے کے لئے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار ڈاکٹر شیواجی کاڑگے امراضِ چشم کے ماہر ہیں اور لاتور شہر میں لکشمی نیترالیہ کے ذریعے گذشتہ 25 سے زائد برسوں سے مریضوں کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

دریں اثنا، اکولہ مغرب وِدھان سبھا ضمنی انتخاب کیلئے کانگریس نے ساجد پٹھان کو امیدوار بنایا ہے۔

وسنت راؤ چوہان کو راشٹروادی کانگریس نے 2002 میں پہلی بار وِدھان پریشد بھیجا تھا۔ اس کے بعد وہ 2014 میں کانگریس کے ٹکٹ پر نائیگاؤں اسمبلی حلقے سے منتخب ہوئے تھے۔ 2019 میں انھیں شکست ہوئی تھی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر نانا پٹولے نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے عام انتخابات کیلئے مہاوِکاس آگھاڑی میں نشستوں کی تقسیم اور امیدوار آئندہ دو تین دِنوں میں ظاہر ہوں گے۔ پٹولے کل ممبئی میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی کل ممبئی میں شیوسینا عہدیداران اور کارکنان کی میٹنگ کی۔ اس میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ منسے صدر راج ٹھاکرے کے ساتھ بات چیت ہوچکی ہے اور جلد ہی مناسب فیصلہ لیا جائے گا۔

***** ***** *****

دہلی کے وزیرِ اعلیٰ اروند کیجریوال کو کل دہلی میں مبینہ شراب پالیسی گھوٹالے کے سلسلے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے گرفتار کرلیا۔ اس سے پہلے ای ڈی حکام نے کیجریوال کے گھر کی تلاشی لی۔ شراب پالیسی سے متعلق بدیانتی کے معاملہ میں ای ڈی نے کیجریوال کو حاضر رہنے کیلئے نوسمنس بھیجے تھے۔ ای ڈی نے یہ کارروائی اس وقت کی جب دہلی ہائیکورٹ نے کل کیجریوال کی گرفتاری کو تحفظ دینے سے انکار کردیا۔ عام آدمی پارٹی کی لیڈر آتشی نے کیجریوال کی گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ جانے کا انتباہ دیا ہے۔

***** ***** *****

***** ***** *****

5

# یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

پتنجلی کمپنی کی دوائیوں سے متعلق جھوٹے دعوے کرنے والے اشتہارات سے متعلق کمپنی کے مینیجنگ ڈائریکٹر بال کرشن نے کل سپریم کورٹ میں بلاشرط معافی مانگ لی۔ گذشتہ 27 فروری کو سپریم کورٹ نے پتنجلی آیوروید کو بلڈ پریشر‘ ذیابطیس، سندھیوات، دمہ اور موٹاپے جیسی بیماریوں سے متعلق جھوٹے دعوے کرنے والے اشتہارات کو شائع کرنے سے منع کرنے کے بعد بھی اس کی اشاعت جاری تھی۔ اس معاملے میں کورٹ نے بابا رام دیو اور آچاریہ بال کرشنن کو دو اپریل کو عدالت کے روبرو حاضر رہنے کے احکامات دیئے ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن‘ مہاراشٹر گزیٹیڈ سول سروسیس پری اگزامنیشن‘ سوشل ویلفیئر آفیسر گروپ بی اور دیگر پسماندہ بہوجن ویلفیئر آفیسر گروپ بی کے تحت منعقد کیے جانے والے ڈائریکٹ سروس ٹسٹ کے امتحانات ملتوی کردیئے گئے ہیں۔ یہ امتحانات 28 اپریل اور 19 مئی کو ہونے والے تھے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ نظرِ ثانی شدہ تاریخوں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

دریں اثنا‘ مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن‘ اسٹیٹ سروسیس مین اگزامنیشن -2022 میں کمیشن کی ویب سائٹ پر گروپ اے اور گروپ بی گزیٹیڈ عہدوں کیلئے اہل امیدواروں کی عارضی انتخابی فہرستیں جاری کی ہیں‘ جن میں کُل 23 کیڈرس ہیں۔ کمیشن کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق امیدواروں کو 27 مارچ 2024 تک بھرتی کے عمل سے آپٹ آؤٹ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے، جس کے بعد میرٹ لسٹ کے ساتھ سفارشی فہرست کمیشن کی ویب سائٹ پر شائع کی جائے گی۔

***** ***** *****

بھارتیہ ریزرو بینک نے احکامات دیئے ہیں کہ تمام بینک سرکاری کاموں کیلئے اپنی شاخیں 31 مارچ کو کھلی رکھیں۔ اس دِن بینک کی خدمات جاری رہنے سے متعلق ممکنہ اشتہار دیں۔

***** ***** *****

ہنگولی‘ پربھنی‘ ناندیڑ ان تین ضلعوں میں کل صبح زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ہنگولی ضلعے کے بسمت تعلقے کے کُرُندا اور رامیشور تانڈا کا شمالی حصہ زلزلے کا مرکز تھا۔ دریں اثنا‘ زلزلے کے ضمن میں ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے ضلع ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی کل آن لائن میٹنگ لی۔ انھوں نے کہا کہ زلزلے کے جھٹکے معمولی تھے‘ عوام احتیاط برتیں اور نہ گھبرائیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں فی الحال پانی کی قلت ہوگئی ہے اور کچھ آبی پشتوں میں پانی کی سطح مردہ ذخیرے تک پہنچ گئی ہے۔ بیڑ تعلقے میں 20' گیورائی تعلقے میں 21' جبکہ شرور تعلقے میں دو'اس طرح تقریباً 43 گاؤں کو ٹینکروں سے پانی فراہمی کی شروعات کو ڈویژنل عہدیداروں نے منظوری دی ہے۔

***** ***** *****

عوامی بیداری کے حصے کے طور پر اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقے میں کل ایک انوکھا تجربہ کیا گیا۔ تقریباً 126 اسکولوں کے پانچویں تا نویں کے طلبہ نے اپنے سرپرستوں کو خط لکھ کر ووٹ دینے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

قومی سینئر زمرے کے کبڈی مقابلوں کا کل سے احمد نگر کے واڈیا پارک میدان پر آغاز ہوا۔ ارجن ایوارڈ یافتہ کبڈی کھلاڑی اشوک شندے' عالمی کبڈی کھلاڑی تشار آروٹے کے ہاتھوں ان مقابلوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ چار دِنوں تک جاری رہنے والے ان مقابلوں میں ملک بھر کی 30 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ کل ہوئے افتتاحی مقابلہ میں گروپ بی کی مہاراشٹر ٹیم نے گجرات کو 31-48 سے شکست دی۔ دیگر مقابلوں میں بھارتی ریلوے نے بی ایس این ایل کو 07-40' گوانے بنگال کو 16-46' جبکہ ہریانہ نے اُتراکھنڈ کو 22-42 سے شکست دی۔

***** ***** *****

سوئیس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلہ میں بھارت کی کِدامبی شریکانت' کرن جارج اور پریانشو راجاوت نے کوارٹر فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ کل ہوئے مقابلہ میں شری کانت نے ملیشیا کے کھلاڑی کو 15-21 ,16-21' کرن نے فرانس کے کھلاڑی کو 20-22 ,21-18 ,18-21' جبکہ پریانشو نے چین کے کھلاڑی کو 14-21 ,13-21 سے شکست دی۔ خواتین کے ڈبلز میں گائیتری گوپی چند اور ٹریسا جالی کی جوڑی نے بھی کوارٹر فائنل میں داخلہ حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمیر لیگ (IPL) کرکٹ ٹورنامنٹ کی آج سے شروعات ہورہی ہے۔ ٹورنامنٹ کے پہلے دو ہفتوں کا ٹائم ٹیبل بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ نے ظاہر کیا ہے۔ اس کے مطابق آج شروعاتی مقابلہ چنئی سپر کنگز اور رائل چیلینجرس بنگلورو کے مابین ہوگا۔ رات آٹھ بجے چنئی کے ایم اے چدمبرم میدان پر یہ مقابلہ کھیلا جائے گا۔

دریں اثنا' آئی پی ایل کی چنئی سپر کنگز ٹیم کی قیادت کیلئے مہندر سنگھ دھونی کے بجائے رُتوراج گائیکواڑ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ چنئی سپر کنگز منتظمین نے یہ فیصلہ لیا۔ رُتوراج گائیکواڑ نے 2019 میں اس ٹیم کی جانب سے کھیل کی شروعات کی تھی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں مہاوِترن کے ڈویژنل ڈرامہ مقابلے کا افتتاح آج ہوگا۔ شہر کے تاپڑیہ ناٹیہ مندر میں ہونے والے اس مقابلہ میں آج شام ساڑھے سات بجے چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کے ''اُتّر دائتو''، سنیچر صبح نو بجے ناندیڑ ڈویژن کے بلائنڈ گیم، جبکہ دوپہرا یک بجے لاتور ڈویژن کے ''آشاڑھاتِل ایک دِوَس'' یہ ڈرامے پیش کیے جائیں گے۔ کل ان مقابلوں کے انعامات تقسیم ہوں گے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کے معاملات کی رائے دہندگان راست شکایت درج کرواسکیں گے۔

☆ پارلیمانی انتخابات کیلئے بی جے پی امیدواروں کی تیسری اور کانگریس پارٹی کے 57 امیدواروں کی فہرست جاری؛ لاتور سے ڈاکٹر شیواجی کاڑگے اور ناندیڑ سے سابق رُکنِ اسمبلی وسنت راؤ چوہان کو اُمیدواری۔

☆ مبینہ شراب پالیسی گھوٹالے کے معاملے میں دہلی کے وزیرِ اعلیٰ اروند کجریوال گرفتار۔

☆ MPSC امتحانات کے نظام الاوقات میں تبدیلی؛ تصحیح شدہ تاریخوں کا عنقریب اعلان۔

اور۔۔ ☆ احمد نگر میں سینئر زمرہ کے قومی کبڈی ٹورنامنٹ کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****